# تیز رفتار طریقۂ کار سے متعلق معلوماتی ضمیمہ

## اردو - URDU

آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کا جائزہ تیز رفتار طریقۂ کار کے تحت لیا جائے گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کی درخواست کا جائزہ جلد از جلد لیا جائے گا اور آپ کی درخواست کو باضابطہ طور پر درج کیے جانے کی تاریخ سے تین ماہ کے اندر اس پر فیصلہ کیا جائے گا۔

آپ کی درخواست کا جائزہ تیز رفتار طریقۂ کار کے تحت لیا جائے گا، کیونکہ آپ کی درخواست درج ذیل میں سے کسی ایک صورتِ حال میں آتی ہے:

- جب آپ نے اپنی درخواست کو باضابطہ طور پر درج کروایا، تو آپ نے ایسے مسائل یا معاملات بیان کیے جن کا بین الاقوامی تحفظ دینے کے فیصلے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔
- آپ نے ایسے بیانات دیے ہیں جو واضح طور پر غیر مربوط یا متضاد ہیں، صریحاً جھوٹے ہیں یا بظاہر ناقابلِ یقین ہیں، یا جو آپ کے ملکِ اصل کے بارے میں دستیاب معلومات سے واضح طور پر متصادم ہیں۔
- اگرچہ آپ کے پاس کوئی معقول وجہ ثابت کرنے کا موقع موجود تھا، پھر بھی آپ نے جان بوجھ کر حکام کو گمراہ کیا، جھوٹی معلومات یا جعلی دستاویزات پیش کیں، یا اہم معلومات چھپائیں، خصوصاً اپنی شناخت اور قومیت سے متعلق معلومات، یا آپ نے جان بوجھ کر اور بدنیتی سے اہم دستاویزات کو تباہ کر دیا یا انہیں غائب کر دیا۔
- آپ نے بین الاقوامی تحفظ کی درخواست صرف اس مقصد سے دی ہے کہ آپ کو اطالوی سرزمین سے بے دخل کرنے کے فیصلے پر عمل درآمد میں تاخیر کی جائے، رکاوٹ ڈالی جائے یا اسے روکا جائے۔
- آپ کا تعلق ایسے ملک سے ہے جسے اٹلی یا یورپی یونین کی جانب سے محفوظ ملکِ اصل قرار دیا گیا ہے۔
- یہ یقین کرنے کے لیے معقول بنیادیں موجود ہیں کہ آپ قومی سلامتی یا امنِ عامہ کے لیے خطرہ ہیں، یا آپ کو قومی سلامتی یا امنِ عامہ سے متعلق سنگین وجوہات کی بنا پر پہلے ہی ملک بدر کیا جا چکا ہے۔
- آپ نے تحفظ کے لیے دوبارہ درخواست جمع کروائی ہے، جسے قابلِ قبول قرار دیا گیا ہے۔
- آپ غیر قانونی طور پر اٹلی میں داخل ہوئے ہیں یا آپ نے غیر قانونی طور پر اپنے قیام کی مدت بڑھائی ہے، اور کسی معقول وجہ کے بغیر آپ نے بروقت متعلقہ حکام کے سامنے خود کو پیش نہیں کیا یا بین الاقوامی تحفظ کے لیے جلد از جلد درخواست جمع نہیں کروائی۔
- آپ قانونی طور پر اٹلی میں داخل ہوئے ہیں، لیکن کسی معقول وجہ کے بغیر آپ نے بین الاقوامی تحفظ کے لیے جلد از جلد درخواست جمع نہیں کروائی۔ یہ اس صورت میں لاگو نہیں ہوتی جب بین الاقوامی تحفظ کی ضرورت اس وقت پیدا ہوئی ہو جب آپ پہلے ہی اپنے ملکِ اصل سے باہر موجود تھے۔
- آپ کا تعلق ایسے ملک سے ہے جہاں بین الاقوامی تحفظ کی درخواستوں کا جائزہ لینے والے ادارے کی جانب سے تحفظ دینے کی شرح، یورپی یونین کے تمام رکن ممالک کے لیے یوروسٹیٹ کے تازہ ترین سالانہ اوسط اعداد و شمار کے مطابق، 20 فیصد یا اس سے کم ہے۔ تاہم، یہ اس صورت میں لاگو نہیں ہوتی جب آپ کے ملکِ اصل میں کوئی اہم تبدیلی واقع ہوئی ہو، یا آپ کا تعلق ایسے افراد کے گروہ سے ہو جنہیں تحفظ کی خصوصی ضروریات ہوں۔ اس سلسلے میں ابتدائی فیصلوں اور حتمی فیصلوں کے درمیان نمایاں فرق کو بھی مدِنظر رکھا جائے گا۔

اگرچہ آپ کی درخواست کا جائزہ تیز رفتار طریقۂ کار کے تحت لیا جا رہا ہے، تاہم علاقائی کمیشن آپ کی۔ بین الاقوامی تحفظ کی تمام ممکنہ ضروریات کا مکمل جائزہ لے گا۔ اگر کمیشن یہ سمجھتا ہے کہ آپ کی درخواست کا جائزہ پیچیدہ ہے اور اس کے لیے مزید وقت درکار ہے، تو وہ طریقۂ کار تبدیل کرکے آپ کی درخواست کا جائزہ عام طریقۂ کار کے تحت جاری رکھ سکتا ہے، جس میں فیصلے کے لیے زیادہ وقت مقرر ہوتا ہے، یعنی درخواست کو باضابطہ طور پر درج کیے جانے کی تاریخ سے چھ ماہ، تاہم اس مدت میں ممکنہ توسیع بھی کی جا سکتی ہے۔

اگر آپ کو طریقۂ کار کے دوران خصوصی ضروریات یا مدد درکار ہو، تو علاقائی کمیشن آپ کی درخواست کے جائزے کے دوران آپ کو مناسب معاونت فراہم کرے گا۔

خاص طور پر، ایسا اس صورت میں ہو سکتا ہے جب آپ کا تعلق کمزور یا خصوصی تحفظ کے مستحق افراد کے کسی گروہ سے ہو، کیونکہ آپ کو جسمانی یا ذہنی صحت کے مسائل درپیش ہوں، آپ کو ایسی مشکلات کا سامنا ہو جو آپ کو بعض سرگرمیاں خود انجام دینے سے روکتی ہوں، اور/یا آپ معذوری کا شکار ہوں، یا آپ کو تشدد، اذیت، یا شدید نفسیاتی، جسمانی، جنسی یا صنفی بنیادوں پر تشدد کا سامنا کرنا پڑا ہو۔ ان حالات میں، اگر علاقائی کمیشن یہ سمجھے کہ تیز رفتار طریقۂ کار کے دوران آپ کو ضروری معاونت فراہم کرنا ممکن نہیں ہے، تو وہ آپ کے معاملے کا جائزہ عام طریقۂ کار کے تحت لینے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

اگر آپ کا تعلق اوپر بیان کردہ افراد کے کسی گروہ سے ہے، تو یہ ضروری ہے کہ آپ اپنی خصوصی ضروریات کے بارے میں اس عوامی سلامتی کے ادارے کو مطلع کریں جو آپ کی درخواست درج کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، درخواست کو باضابطہ طور پر درج کرنے کے آن لائن فارم میں اپنی کمزوریوں اور/یا خصوصی ضروریات کی وضاحت کریں اور، اگر آپ کے پاس ان ضروریات سے متعلق کوئی دستاویزات موجود ہیں، تو انہیں بھی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔ ایسی صورت میں علاقائی کمیشن آپ کے معاملے پر عام طریقۂ کار لاگو کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے اور آپ کو اختیار کیے گئے طریقۂ کار کے بارے میں مطلع کرے گا۔

اگر علاقائی کمیشن آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست مسترد کر دیتا ہے اور آپ سمجھتے ہیں کہ یہ فیصلہ غلط ہے، تو آپ کو سول عدالت میں اپیل دائر کرنے کا حق حاصل ہے۔

اپیل دائر کرنے کے لیے وکیل کی مدد ضروری ہے، اور آپ کو ریاستی اخراجات پر مفت قانونی مدد حاصل کرنے کا امکان بھی موجود ہے۔ اپیل دائر کرنے کی شرائط اس عام طریقۂ کار سے متعلق معلوماتی کتابچے میں بیان کی گئی ہیں جو آپ کو اس ضمیمے کے ساتھ فراہم کیا گیا ہے۔

تاہم، اگر آپ کے معاملے میں تیز رفتار طریقۂ کار لاگو کیا گیا ہے، تو آپ کو علاقائی کمیشن کا فیصلہ موصول ہونے کی تاریخ سے ۷ دن کے اندر اپیل دائر کرنا ہوگی۔

مزید یہ کہ صرف اپیل دائر کرنے سے آپ کو اٹلی میں قیام جاری رکھنے کا حق خودبخود حاصل نہیں ہوتا۔ اگر آپ عدالتی کارروائی مکمل ہونے تک اٹلی میں رہنا چاہتے ہیں، تو آپ کو اپنی اپیل میں واضح طور پر اٹلی میں قیام کی اجازت دینے کی درخواست کرنا ہوگی۔

جج ۱۰ دن کے اندر فیصلہ کرے گا کہ آیا آپ کو عدالتی کارروائی مکمل ہونے تک اٹلی میں رہنے کا حق حاصل ہے یا نہیں۔ اس کے علاوہ، جج آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کے بارے میں ۴ ماہ کے اندر فیصلہ کرے گا۔

طریقۂ کار سے متعلق دیگر تمام معلومات کے لیے آپ عام طریقۂ کار سے متعلق اس معلوماتی کتابچے سے رجوع کر سکتے ہیں جو آپ کو اس ضمیمے کے ساتھ فراہم کیا گیا ہے۔